بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف اول

زیر نظر شمارے میں "قرآن حکیم کی قوتِ تسخیر" کے زیر عنوان مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے صدر مؤسس اور "حکمت قرآن" کے مدیر مسئول محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا ایک خطابِ جمعہ شامل کیا گیا ہے۔ بعض قارئین کے لئے خطابِ جمعہ کا "حکمتِ قرآن" میں شائع ہونا شاید باعثِ تعجب ہو، مگر ہماری رائے میں محترم ڈاکٹر صاحب کا یہ خطاب اس اعتبار سے بہت اہم اور حکمت قرآن کے لئے نہایت موزوں ہے کہ اس خطاب کا خاکہ (Synopsis) اصلاً مرکزی انجمن کے بیسویں سالانہ اجلاس عام کے لئے مرتب کیا گیا تھا۔ لیکن اس بار چونکہ ذیلی اور منسلک انجمنوں کے نمائندگان بھی شریک اجلاس تھے اور انہیں بھی وہاں خطاب کا موقع دیا گیا لہٰذا وقت زیادہ ہو جانے کے باعث صدر مؤسس نے اپنے خطاب کو آئندہ کسی مناسب موقع کے لئے ملتوی کر دیا۔ ۲۴ر اپریل کو محترم ڈاکٹر صاحب کا خطاب جمعہ جامع القرآن ' قرآن اکیڈمی میں تھا۔ اور یہ ایک نہایت مناسب موقع تھا کہ وہ باتیں جو انہیں انجمن کے سالانہ اجلاس میں بیان کرنی تھیں' اس موقع پر سامعین کے گوش گزار کر دی جائیں اور وہ قرض چکا دیا جائے جس کی ذمہ داری انہوں نے قبول کی تھی ـــــ اس خطاب کا قریباً دو تہائی حصہ زیر نظر شمارے میں شامل ہے' بقیہ ایک تہائی اگر اللہ نے چاہا تو آئندہ شمارے میں شائع کر دیا جائے گا۔

☆ ☆ ☆

حکمت قرآن کے گذشتہ شمارے میں مرکزی انجمن خدام القرآن کے بیسویں سالانہ اجلاسِ عام کی روداد شائع ہوئی تھی۔ اس رپورٹ میں دو واقعاتی غلطیاں ایسی تھیں جن کی اصلاح ہم ضروری خیال کرتے ہیں۔ یہ اجلاسِ عام ۲۰ر اپریل ۱۹۹۲ء کو بمطابق ۲۵ر شوال ۱۴۱۲ھ منعقد ہوا تھا جبکہ رپورٹ میں ۱۴۱۲ھ کی بجائے سہواً ۱۴۱۳ھ شائع ہو گیا تھا۔ اسی طرح رپورٹ کے آغاز میں یہ بات مذکور تھی کہ "۹۰ء کے اجلاس عام کی کارروائی پڑھ کر سنائی گئی" جبکہ امر واقعہ یہ ہے کہ ۹۱ء کے اجلاس عام کی کارروائی پڑھی گئی تھی۔ اس سہو پر ہم قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔